# فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اخلاقیات
## برائے جماعت نہم (سالانہ امتحان 2017 ومابعد)

## حصہ اول

وقت: 15 منٹ — کل نمبر: 10

**نوٹ:** حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پندرہ منٹ میں حل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر 1:** **دیئے گئے جوابات یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

1۔ نظامِ اخلاق کی تعمیر میں سب سے اہم کردار کس کا ہوتا ہے؟

الف۔ قانون ساز اداروں — ب۔ معاشرے

ج۔ مذہب — د۔ دل ودماغ

2۔ ہندو مت، بدھ مت، اور جین مت میں مشترک ہیں

الف۔ عقائد — ب۔ رسوم

ج۔ ثقافتی اور لسانی رشتے — د۔ درج شدہ تمام الف، ب، ج

3۔ کس مذہب کی عبادت گاہ کو "گردوارہ" کہا جاتا ہے؟

الف۔ ہندو — ب۔ سکھ

ج۔ بدھ مت — د۔ جین مت

4۔ مسیحی گرجا گھر میں کس طرح بیٹھتے ہیں؟

الف۔ سیدھی قطار میں — ب۔ نیم دائرے میں

ج۔ گول دائرے میں — د۔ مرد وخواتین الگ الگ

5۔ دفاتر کے آداب ________ ہوتے ہیں۔

الف۔ دستاویزی شکل میں — ب۔ روایات پر مشتمل

ج۔ دفاتر میں آویزاں — د۔ منتظم کے پاس

6۔ امام غزالی کے دور میں اہم تعلیمی مراکز تھے۔

الف۔ بغداد اور دمشق — ب۔ نیشاپور اور جرجان

ج۔ طوس اور تہران — د۔ بغداد اور نیشاپور



Result.pk

7- فلورنس نائیٹنگیل (Florence Nightingale) کہاں پیدا ہوئیں؟

الف۔ جرمنی　　ب۔ اٹلی

ج۔ اسپین　　د۔ فرانس

8- تمام مذاہب کی ________ تعلیمات مشترک ہیں۔

الف۔ معاشی　　ب۔ اخلاقی

ج۔ معاشرتی　　د۔ مذہبی

9- معاشرے کو صحت بخش بنیاد فراہم کرنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

الف۔ معاشی استحکام　　ب۔ سیاسی استحکام

ج۔ اخلاقی استحکام　　د۔ مستحکم منصوبہ بندی

10- ہندو مت کے مطابق یہ دنیا ہے۔

الف۔ عبادت گاہ　　ب۔ امتحان گاہ

ج۔ قید خانہ　　د۔ آنے والی زندگی کے لیے تیاری کی جگہ

---

برائے ممتحن:

کل نمبر: 10　　حاصل کردہ نمبر: ________

Result.pk

# فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اخلاقیات

## برائے جماعت نہم (سالانہ امتحان 2017 ومابعد)

وقت: 2:15 منٹ — کل نمبر: 40

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر:24)

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (8×3=24)

i۔ انسان کی فطرت مادی وسائل کے علاوہ اور کس چیز کا تقاضہ کرتی ہے؟

ii۔ اخلاق کی دو امتیازی خوبیاں کیا ہیں؟

iii۔ ہندوستان کے تین بڑے مذاہب کے نام لکھیے۔

iv۔ الہامی مذہب کی بنیاد کیا ہے؟

v۔ اسلام میں عبادت کا جامع تصور کیا ہے؟

vi۔ کسی دوسرے مذہب کی عبادت گاہ میں جاتے ہوئے کن آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

vii۔ مسجد کے تین آداب تحریر کیجیے؟

viii۔ چار محاسن اخلاق کے نام تحریر کیجیے؟

ix۔ سکھ مذہب میں عبادت کی روح کیا ہے؟

x۔ آداب ایک فرد کو کیا دیتے ہیں؟

xi۔ ڈاکوؤں نے امام غزالی سے کون سی قیمتی متاع چھین لی؟

## حصہ سوم (کل نمبر16)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے مفصل جوابات دیجیے۔ (2×8=16)

سوال نمبر3: "مذہب انسان کا نفسیاتی سہارا ہے اور اسے کئی بیماریوں سے بچاتا ہے۔" بحث کیجیے۔

سوال نمبر4: خدا کی ہستی اور عظمت پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر5: سب عبادت گاہوں کے مشترک آداب تحریر کیجیے۔

Result.pk